# APC Internet Rights Charter

*Internet for social justice and sustainable development*

# انٹرنیٹ حقوق کا منشور

انٹرنیٹ برائے سماجی انصاف اور پائیدار ترقی

APC
.ORG
The Association for Progressive Communications

## ABOUT THE CHARTER

The internet is a global public space that must be open, affordable and accessible to all. As more and more people gain access to this space, many remain excluded. Like the process of globalisation with which it has been closely intertwined, the spread of internet access takes place with uneven results and often exacerbates social and economic inequalities. However, the internet and other information and communication technologies (ICTs) can be a powerful tool for social mobilisation and development, resistance to injustices and expression of difference and creativity.

APC believes that the ability to share information and communicate freely using the internet is vital to the realisation of human rights as enshrined in the Universal Declaration of Human Rights (1948), the International Covenant on Economic, Social and Cultural Rights (1976), the International Covenant on Civil and Political Rights (1976) and the Convention of the Elimination of All Forms of Discrimination against Women (CEDAW, 1980).

This Charter was first developed in 2001-2002 by APC members and partner organisations at "Internet Rights" workshops held in Europe, Asia, Latin America and Africa. The themes and principles outlined express our community's views and goals concerning the rights of people and organisations to use the internet freely, particularly in their work for social, economic and environmental justice. We refer specifically to the internet; however, these principles are relevant to all other ICTs (including telephone, radio, and others).

The Charter highlights some of the specific issues that individuals, civil society organisations, community media, and policy makers and regulators, need to consider in their efforts to protect the right to communicate freely via the internet and realise its potential to create a better informed and more just world.

The internet can be a tool to empower the people of the world, if the following rights are recognised, protected and respected.

*Theme 1 Internet access for all*

*Theme 2 Freedom of expression and association*

*Theme 3 Access to knowledge*

*Theme 4 Shared learning and creation - free and open source software and technology development*

*Theme 5 Privacy, surveillance and encryption*

*Theme 6 Governance of the internet*

*Theme 7 Awareness, protection and realisation of rights*

موضوع 1 انٹرنیٹ تک رسائی سب کے لیے

موضوع 2 اظہارِ رائے کی آزادی اور وابستگی

موضوع 3 علم تک رسائی

موضوع 4 شراکتِ علم، مفت و آزادانہ دستیاب سوفٹ ویئر کی تخلیق اور ٹیکنالوجی کی ترقی

موضوع 5 پرائیویسی، نگرانی اور رمزنگاری

موضوع 6 انٹرنیٹ کے انتظامی امور

موضوع 7 آگاہی، تحفظ اور اور حقوق کا شعور

## THEME 1 INTERNET ACCESS FOR ALL

***1.1 The impact of access on development and social justice*** Affordable, fast and easy access to the internet can help create more egalitarian societies. It can strengthen educational and health services, local business, public participation, access to information, good governance and poverty eradication. But we should not assume that all technological innovation is automatically beneficial. Civil society organisations (CSOs), governments and regulatory agencies should be aware of the internet's potential to reinforce existing inequality.

***1.2 The right to access to infrastructure irrespective of where you live*** The internet serves as a global public infrastructure. This infrastructure must be widely distributed and support sufficient bandwidth, which will enable people everywhere to utilise its potential for raising their voices, improving their lives and expressing their creativity. People have the right to well-distributed national internet backbone that is connected to the international network.

***1.3 The right to the skills*** Knowledge and skills enable people to use and shape the internet to meet their needs. Local and national governments, international and community organisations and private sector entities must support and promote free or low-cost training opportunities, methodologies and materials related to using internet for social development.

## موضوع 1 انٹرنیٹ تک رسائی سب کے لیے

**1.1 ترقی اور سماجی انصاف پر رسائی کے اثرات** باکفایت، تیز رفتار اور بہ آسانی انٹرنیٹ تک رسائی سے مربوط ہیں، جو ہمہ گیر مساوات پر استوار سماج کی تشکیل میں معاونت کرسکتا ہے۔ یہ تعلیم وصحت کی خدمات ،مقامی کاروبار، عوامی شراکت، اطلاعات تک رسائی، عمدہ نگرانی (گڈ گورننس) کو مضبوط کرنے، اور غربت کے خاتمے میں مددگار ہوسکتا ہے۔ لیکن ہم یہ باور نہیں کرسکتے کہ تمام فنّی ایجادات ازخود فائدہ مند ہوتی ہیں۔ سول سوسائٹی کی تنظیموں، حکومت اور ریگولیٹری ایجنسیوں کو علم ہونا چاہیے کہ انٹرنیٹ میں یہ اہلیت بھی ہے کہ وہ جاری عدم مساوات کو مزید تقویت پہنچا سکتا ہے۔

**1.2 بنا تفریق کہ آپ کہاں رہتے ہیں انفرااسٹرکچر تک رسائی کا حق** انٹرنیٹ عالمی سطح پر بطور ایک عوامی انفرااسٹرکچر کے خدمات فراہم کرتا ہے۔ لازمی ہے کہ اس انفرااسٹرکچر کی وسیع تقسیم ہو جسے درکار حد تک بینڈ وڈتھ کی فراہمی یقینی ہو جو کہ لوگوں کو اس قابل بنا دے کہ وہ کسی بھی جگہ پر اس سے استفادہ حاصل کرسکیں اور اس کے ذریعے اپنی آواز بلند کرسکیں، اپنی زندگیوں کو بہتر بنا سکیں اور اپنی تخلیقات کا اظہار کر پائیں۔ یہ لوگوں کا حق ہے کہ انہیں ملکی سطح پر وسیع البنیاد انٹرنیٹ کی سہولت میسر ہو جو انہیں بین الاقوامی نیٹ ورک سے منسلک کردے۔

**1.3 حقِ ہنرمندی** علم اور ہنرمندی لوگوں کو اس قابل بناتے ہیں کہ وہ انٹرنیٹ کو استعمال کرکے اپنی ضروریات کی تکمیل کرسکیں۔ مقامی، قومی اور بین الاقوامی حکومتوں، کمیونٹی تنظیموں اور نجی شعبہ کی یہ ذمے داری ہے کہ وہ مفت یا کم لاگت پر تربیتی مواقع، ضابطۂ کار کے تعین، درکار مواد کی فراہمی میں تعاون اور اس کی (انٹرنیٹ) ترقی کے لیے مدد فراہم کریں تاکہ سماجی ترقی کے لیے انٹرنیٹ کا استعمال کیا جاسکے۔

### عالمی منشور برائے انسانی حقوق، شق 26

تعلیم، انسانی شخصیت کو مکمل، حقوقِ انسانی کی تکریم اور بنیادی آزادیوں کو مضبوط بنانے کے لیے رہنمائی فراہم کرتی ہے۔

**1.4 'روئے اتصال (Interfaces)، مندرجات (content) اور سافٹ ویئر (Software Programmes) (بشمول ڈیزائن) سب کے لیے' کا حق** روئے اتصال، مندرجات اور انٹرنیٹ استعمال کرنے کے لیے پروگرامز (جنہیں کمپیوٹر کی زبان میں ایپلی کیشنز کہا جاتا ہے) لازم ہے کہ اس طرح ڈیزائن کیے جائیں کہ بلاتفریق (بشمول جسمانی، محسوساتی اور ظاہری بیماری کا شکار) نیز وہ لوگ بھی جو تعلیم یافتہ نہیں ہیں یا علاقائی زبانیں بولتے ہیں، اسے بہ آسانی استعمال کر سکیں۔ بشمولِ ڈیزائن و معاون ٹیکنالوجی کے استعمال کے اصول کو لازماً فروغ دینا چاہیے اور اس بات کی حمایت کرنا چاہیے کہ کسی بھی قسم کی معذوری کا شکار افراد دیگر صحتمند لوگوں کی طرح یکساں حقِ استفادہ کی بنیاد پر اسے استعمال کر سکیں۔

**1.5 خواتین اور مردوں کے لیے مساویانہ حقِ رسائی** مختلف مقامات پر مرد اور خواتین کے درمیان مساویانہ طور پر انٹرنیٹ تک رسائی، اس کی تشریح، استفادہ اور انٹرنیٹ کو اپنی ضرورت کے مطابق استعمال کرنے کے یکساں مواقع موجود نہیں ہیں۔ صنفی عدم مساوات اور اس سلسلے میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے یقینی اقدامات کیے جائیں۔ نیز، صنفی مساوات اور انٹرنیٹ کی ترقی سے متعلق تمام شعبوں میں خواتین کی شرکت کو یقینی بنایا جائے۔

**1.6 مالی لحاظ سے باکفایت حقِ رسائی** پالیسی ساز اور عملدرآمد سے متعلق ادارے لازماً اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام شہریوں کو انٹرنیٹ تک بنا تفریق اور باکفایت رسائی کا حق حاصل ہو سکے۔ اس سلسلے میں مواصلاتی ڈھانچے (ٹیلی کمیونیکیشن انفرااسٹرکچر) میں بہتری سمیت ایسے قواعد وضوابط، قیمت، ٹیکس اور نرخ نامے طے کیے جائیں، جس کے تحت مختلف آمدنی پانے والے تمام گروہوں کو انٹرنیٹ تک باآسانی رسائی حاصل ہو سکے

### Article 26, universal declaration of human rights (UDHR ):

Education shall be directed to the full development of the human personality and to the strengthening of respect for human rights and fundamental freedoms

***1.4 The right to interfaces, content and applications accessible to all ("inclusive design")*** Interfaces, content and applications must be designed to ensure accessibility for all, including people with physical, sensory or cognitive disabilities, people who are not literate and people who speak minority languages. The principle of inclusive design and the use of assistive technologies must be promoted and supported to allow persons with disabilities to benefit fully and on equal terms with non-disabled people.

***1.5 The right to equal access for men and women*** In many places women and men do not have equal access to learn about, define, access, use and shape the internet. Efforts to increase access must recognise and redress existing gender inequalities. There must be full participation of women in all areas related to internet development to ensure gender equity.

***1.6 The right to affordable access*** Policy-makers and regulators must ensure that all citizens have affordable access to the internet. The development of telecommunications infrastructure, and the setting of rules, pricing, taxes and tariffs, should make access possible for all income groups.

***1.7 The right to access in the workplace*** For many people, the workplace is the primary or only site of internet access. Workers and employers must enable the use of internet access in the workplace, including for the purposes of worker education programmes and to protect workers' rights.

***1.8 The right to public access*** Many people will never enjoy private access to computers or the internet. Public access points such as telecentres, libraries, community centres, clinics and schools must be made available so that all people can have access within easy walking distance of where they live or work. This is particularly important for young people in countries where internet access is not yet readily available or affordable.

***1.9 The right to access and create content that is culturally and linguistically diverse*** Websites, online tools and software are dominated by the use of Latin script. This effects the development of local content in non-Latin languages and impedes the possibility of intercultural content exchange. Technical development must encourage linguistic diversity on the internet and simplify the exchange of information across language barriers.

**1.7 کام کے مقامات پرانٹرنیٹ تک رسائی کا حق** اکثرلوگوں کے لیےاپنے کام کرنے کی جگہیں ہی وہ مقامات ہیں جہاں ابتدائی طور پر انہیں انٹرنیٹ تک رسائی کا موقع ملتا ہے۔اس لیے لازم ہے کہ مالکان اور کارکنان اس بات کویقینی بنائیں کہ انہیں کام کرنے کی جگہوں پر انٹرنیٹ کی سہولت حاصل ہو سکے۔جس میں کارکنوں کے تعلیمی پروگراموں اوران کے حقوق کے تحفظ کا مقصد بھی شامل ہو۔

**1.8 عوامی مقامات پرحقِ رسائی** اکثرلوگ ذاتی طور پرکمپیوٹر یا انٹرنیٹ تک رسائی حاصل نہیں کر پاتے ہیں۔عوامی مقامات مثلاً ٹیلی سینٹروں، کتب خانوں، کمیونٹی مراکز، شفاخانوں اوراسکولوں میں لازماً انٹرنیٹ کی سہولت فراہم ہونی چاہیے، تاکہ وہ لوگ جواطراف میں رہتے ہوں یا وہاں کام کرتے ہوں، باآسانی ان عوامی مقامات پراس سہولت سے استفادہ کرسکیں۔یہ خاص طور پران ملکوں کے نوجوانوں کے لیےاہم ہے، جہاں انٹرنیٹ تک رسائی باآسانی ممکن نہیں یامالی لحاظ سے باکفایت حدتک نہیں ہے۔

**1.9 ثقافت اورزبانوں کے لحاظ سےمتنوع مندرجات کی تخلیق اوررسائی کا حق** ویب سائٹس، آن لائن ٹولز اورسوفٹ ویئرزیادہ تر لاطینی زبان کے استعمال تک محدود ہیں۔جومقامی طور پرغیرلاطینی زبان پرمشتمل مندرجات کی تشکیل پراثرانداز ہوتے ہیں، نیز یہ صورتِ حال بین الثقافتی مندرجات کے تبادلے میں بھی رکاوٹ بنتی ہے۔اس لیےضروری ہے کہ تکنیکی ترقی کے ذریعے زبانوں کے تنوع کوانٹرنیٹ کے ذریعےفروغ دیاجائے اوراسے سہل بنایاجائے تاکہ اطلاعات کے تبادلے میں زبان رکاوٹ نہ بنے۔

## موضوع 2 اظہارِ رائے کی آزادی اور وابستگی

**2.1 اظہارِ رائے کی آزادی کا حق** اظہارِ رائے کی آزادی کے حق کو تحفظ فراہم کیا جائے تا کہ حکومتوں اور غیر ریاستی عناصر کی جانب سے اس کی خلاف ورزی کو روکا جا سکے۔ انٹرنیٹ ایک ایسا ذریعہ ہے جس کے ذریعے عوام اور نجی شعبے، دونوں کثیر الجہتی سرحدوں پر اپنے اپنے نکتہ ہائے نظر کا اظہار اور اطلاعات کا تبادلہ کر سکتے ہیں۔ ضروری ہے کہ اس ضمن میں کسی بھی شخص کو انفرادی طور پر اپنی رائے یا خیالات کے اظہار کرنے کی قابلیت ہو اور جب وہ انٹرنیٹ استعمال کرے تو دوسروں کے ساتھ اپنی معلومات کا آزادانہ تبادلہ کر سکے۔

**عالمی منشور برائے انسانی حقوق، شق 18**

ہر شخص کو اپنی آراء، ضمیر اور مذہب کے مطابق اظہار کی آزادی کا حق حاصل ہے۔

**عالمی منشور برائے انسانی حقوق، شق 19**

ہر شخص کو اپنے خیالات اور ان کے اظہار کی آزادی کا حق حاصل ہے؛ بشمول اس حق کہ وہ کسی کی مداخلتِ بے جا کے بغیر، اور اپنی خواہشات کے مطابق اطلاعات حاصل کرے اور سرحدی حدود کی پابندیوں سے قطع نظر، اپنے نظریات کو ابلاغ کے کسی بھی ذریعے سے دوسروں تک پہنچائے۔

**2.2 سینسر شپ سے آزادی کا حق** انٹرنیٹ کو لازماً ان تمام اقدامات سے تحفظ فراہم کیا جائے جو تنقیدی آواز کو خاموش کرنے، یا سماجی اور سیاسی مندرجات، یا بحث کو سینسر کرنے کے لیے کیے جائیں۔

**2.3 آن لائن احتجاج کرنے کا حق** تنظیموں، کمیونٹیز اور انفرادی سطح پر لوگوں کو انٹرنیٹ کے ذریعے آزادانہ احتجاج اور تنظیم سازی کرنے کا حق حاصل ہو۔

## THEME 2 FREEDOM OF EXPRESSION AND ASSOCIATION

***2.1 The right to freedom of expression*** Freedom of expression should be protected from infringement by government and non-state actors. The internet is a medium for both public and private exchange of views and information across a variety of frontiers. Individuals must be able to express opinions and ideas, and share information freely when using the internet.

**Article 18, UDHR:**

Everyone has the right to freedom of thought, conscience and religion

**Article 19, UDHR:**

Everyone has the right to freedom of opinion and expression; this right includes freedom to hold opinions without interference and to seek, receive and impart information and ideas through any media regardless of frontiers

***2.2 The right to freedom from censorship*** The internet must be protected from all attempts to silence critical voices and to censor social and political content or debate.

***2.3 The right to engage in online protest*** Organisations, communities and individuals should be free to use the internet to organise and engage in protest.

**Article 20, UDHR**
Everyone has the right to freedom of peaceful assembly and association

## THEME 3 ACCESS TO KNOWLEDGE

**Article 27, udhr:**
Everyone has the right to participate in the cultural life of the community, to enjoy the arts and to share in scientific advancement and its benefits

***3.1 The right to access to knowledge*** Wide-spread access to knowledge and a healthy knowledge commons form the basis for sustainable human development. Because the internet enables knowledge-sharing and collaborative knowledge-creation to a previously unprecedented degree, it should be a focus for the development community.

***3.2 The right to freedom of information*** National and local government, and publicly-funded international organisations, must ensure transparency and accountability by placing publicly relevant information that they produce and manage in the public domain. They should ensure that this information is disseminated online using compatible and open formats and is accessible to people using older computers and slow internet connections.

***3.3 The right to access to publicly-funded information*** All information, including scientific and social research, that is produced with the support of public funds should be freely available to all.

**عالمی منشور برائے انسانی حقوق، شق 20**
ہر شخص کو پُرامن اجتماع اور اپنی وابستگی قائم کرنے کی آزادی حاصل ہے۔

## موضوع 3 علم تک رسائی

**عالمی منشور برائے انسانی حقوق، شق 27**
ہر شخص کو کمیونٹی کی ثقافتی زندگی میں شرکت کرنے کی آزادی حاصل ہے، تاکہ وہ اس آرٹ سے محظوظ ہو سکے اور سائنسی ترقی اور اس کے فوائد کا دوسروں سے تبادلہ کر سکے۔

**3.1 علم و آگاہی تک رسائی کا حق** صحتمند علم تک وسیع رسائی پائیدار انسانی ترقی کی اساسِ مشترکہ ہے۔ چونکہ انٹرنیٹ غیر روایتی انداز میں علمی شراکت اور باہمی علمی تخلیق کو فروغ دیتا ہے۔ اس لیے اس کا محور سماجی ترقی ہونا چاہیے۔

**3.2 حقِ اطلاعات کی آزادی** قومی و مقامی حکومتیں اور عوامی مالی اعانت سے چلنے والے ادارے، عوام سے متعلق فراہم کردہ اطلاعات کی شفافیت اور محاسبانہ عمل کے پہلو کو یقینی بنائیں۔ نیز ان معلومات کی وسعت پذیری کے لیے ایسے سوفٹ وئیر استعمال کیے جائیں جو ہر طرح کے (نئے اور پرانے) کمپیوٹر پر کھل/چل سکیں نیز آن لائن ہوتے ہوئے انٹرنیٹ سروس کی رفتار میں کمی بھی، ان تک رسائی میں مانع نہ ہو۔

**3.3 عوامی مالی اعانت سے حاصل شدہ اطلاعات تک رسائی کا حق** تمام اطلاعات بشمول سائنسی اور سماجی تحقیق، جو کہ عام لوگوں کی مالی معاونت سے تکمیل پائے، وہ تمام لوگوں کے لیے آزادانہ طور پر دستیاب ہونا چاہیے۔

## موضوع 4 شراکتِ علم، مفت وآزادانہ دستیاب سوفٹ وئیر کی تخلیق اور ٹیکنالوجی کی ترقی

**عالمی منشور برائے انسانی حقوق، شق 27**

ہر شخص کو کمیونٹی کی ثقافتی زندگی میں شرکت کرنے کی آزادی حاصل ہے، تاکہ وہ اس آرٹ سے محظوظ ہو سکے اور سائنسی ترقی اور اس کے فوائد کا دوسروں سے تبادلہ کر سکے۔

**4.1 حق شراکت** انٹرنیٹ، استعمال کنندگان کو شراکتِ اطلاعات نیز علم کے حصول، مندرجات کی تخلیق، آلات اور ایپلی کیشن کی نئی طرز پر تخلیق کا غیر معمولی موقع فراہم کرتا ہے۔ آلات، انٹرنیٹ، خدمات اور مندرجات فراہم کرنے والے ادارے استعمال کنندگان کو انٹرنیٹ کے ذریعے شراکتِ علم اور مندرجات کی تخلیق سے نہیں روک سکتے۔ لازم ہے کہ آزادانہ سائنسی اور ثقافتی علوم کی روشنی میں مستقل بنیادوں پر تخلیق کنندہ کے حقوق کا یقینی طور پر تحفظ کیا جائے۔

**4.2 مفت اور آزادانہ دستیاب سوفٹ وئیر تک حقِ رسائی** ہم مفت اور آزادانہ طور پر دستیاب اوپن سورس سوفٹ وئیر استعمال کرنے کی حمایت کرتے ہیں۔ یہ استعمال لوگوں کی ہنرمندانہ صلاحیتوں کی تعمیر کرتے ہیں، یہ زیادہ پائیدار ہیں اور یہ مقامی طور پر کی جانے والی جدّت کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ ہم حکومتوں کی ایسی پالیسیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، جس سے مفت اور آزادانہ طور پر دستیاب سوفٹ وئیر استعمال کے رجحان کو، بالخصوص عوامی شعبے میں، فروغ حاصل ہو سکے۔

**4.3 کھلے تکنیکی معیارات کا حق** انٹرنیٹ میں استعمال کیے جانے والے تکنیکی معیارات ہمیشہ کھلے / قابل رسائی ہونے چاہئیں جو قابلِ بین الاستعمال *interoperability* اور جدّت کی اجازت دیتے ہوں۔ لازمی طور پر ایسی نئی تکنیکی ترقی حاصل کی جائے جو سماج کے تمام شعبوں کی ضروریات کو پورا کرنے کی اہلیت رکھتی ہو، بالخصوص ان لوگوں کے لیے جو آن لائن ہونے پر اپنی رسائی کو محدود اور اس میں رکاوٹ محسوس کرتے ہیں۔ (مثلاً وہ کمیونٹی جو غیر لاطینی طرزِ تحریر استعمال کرتی ہیں، یا وہ لوگ جو کسی وجہ سے معذوری کا شکار ہوں، یا پھر پرانے کمپیوٹر یا انٹرنیٹ رفتار)۔

## THEME 4 SHARED LEARNING AND CREATION - FREE AND OPEN SOURCE SOFTWARE AND TECHNOLOGY DEVELOPMENT

**Article 27, UDHR:**
Everyone has the right to participate in the cultural life of the community, to enjoy the arts and to share in scientific advancement and its benefits

***4.1 The right to share*** The internet offers extraordinary opportunity for sharing information and knowledge, and for new forms of creating content, tools and applications. Providers of tools, internet services and content, should not prohibit people from utilising the internet for shared learning and content creation. Protection of the interests of creators must occur in a way consistent with open and free participation in scientific and cultural knowledge flows.

***4.2 The right to free and open source software (FOSS)*** We support the use of FOSS. Working with FOSS is empowering, it builds skills, is more sustainable and it encourages local innovation. We encourage governments to make policies that encourage the use of FOSS, particularly in the public sector.

***4.3 The right to open technological standards*** Technical standards used on the internet must always be open to allow interoperability and innovation. New technology development must meet the needs of all sections of society, particularly those who face limitations and obstacles when they go online (such as communities who use non-Latin scripts or people with disabilities, older computers or lacking high-speed access).

***4.4 The right to benefit from convergence and multi-media content*** The internet is a multi-media platform. Access and regulation must build on its potential to be used to diversify the creation and ownership of online content in multiple formats e.g. community-owned and -driven radio and television.

## THEME 5 PRIVACY, SURVEILLANCE AND ENCRYPTION

***5.1 The right to data protection*** Public or private organisations that require personal information from individuals must collect only the minimal data necessary and for the minimal period of time needed. They must only process data for the minimal stated purposes. Collection, use, disclosure and retention of this information must comply with a transparent privacy policy which allows people to find out what is collected about them and to correct inaccurate information. Data collected must be protected from unauthorised disclosure and security errors should be rectified without delay. Data must be deleted when it is no longer necessary for the purposes for which it was collected. The public must be warned about the potential for misuse of data supplied. Organisations have a responsibility to notify people when the information has been abused, lost, or stolen.

**Article 12, UDHR:**
No one shall be subjected to arbitrary interference with his privacy, family, home or correspondence, nor to attacks upon his honour and reputation

**4.4 فوائد کا ارتکاز convergence اور ملٹی میڈیا مندرجات کا حق** انٹرنیٹ، ملٹی میڈیا کا پلیٹ فارم ہے۔ اس تک رسائی اور مستفید ہونے کے لیے لازماً ایسے قواعد تشکیل دیے جائیں جو اس (انٹرنیٹ) کی صلاحیت کو استعمال کرتے ہوئے تخلیق میں ایسے تنوع کا سبب بنیں، جس سے آن لائن مندرجات کی ملکیت کا تصور قائم ہو اور multiple formats کے سبب جسے کمیونٹی از خود چلا سکے یا اس کے ذریعے ٹی وی دیکھا اور ریڈیو سنا جا سکے۔

## موضوع 5 پرائیویسی، نگرانی اور رمز نگاری

**5.1 ڈیٹا پروٹیکشن کا حق** ایسی عوامی اور نجی تنظیمیں جنہیں لوگوں سے انفرادی طور پر ذاتی معلومات درکار ہوتی ہیں، اُن پر لازم ہے کہ وہ صرف اشد ضروری، نیز کم از کم معلومات اور اعداد و شمار data اکھٹا کریں اور وہ بھی صرف درکار مختصر مدت کے لیے۔ مزید برآں یہ بات یقینی بنائی جائے کہ وہ حاصل شدہ معلومات کو صرف پہلے سے بتائے ہوئے مقصد کے لیے استعمال کریں گے۔ معلومات جمع کرنا، ان کا استعمال، اظہار اور ان معلومات کو روکے رکھے جانے کا عمل شفاف پرائیویسی پالیسی کے تابع ہو اور وہ فرد کو اس بات کی اجازت دیتی ہو کہ یہ جان سکے کہ اس سے کیا معلومات حاصل کی گئی ہیں، اور اگر معلومات میں کوئی غلطی ہو تو وہ اس کی تصیح کر سکے۔ حاصل کی گئی معلومات (ڈیٹا) کو کسی بھی غیر مجاز اظہار سے یقینی طور پر روکا جائے اور اگر اس میں کوئی سیکیورٹی کی خامی نظر آئے تو بلا تاخیر اس کا ازالہ کیا جائے۔ جس مقصد کے تحت معلومات یا ڈیٹا جمع کیا گیا تھا، اُس کے پورا ہونے پر بلا تاخیر اسے ضائع کر دیا جائے۔ لوگوں کو ڈیٹا کے غیر مجاز استعمال اور فراہمی کے بارے میں لازماً خبردار کیا جائے۔ اداروں اور تنظیموں پر یہ ذمے داری عائد ہوتی ہے کہ وہ معلومات کے غیر مجاز استعمال، گمشدگی یا اس کے چوری ہونے کی صورت میں لوگوں کو صورتِ حال کے بارے میں آگاہ کریں۔

**عالمی منشور برائے انسانی حقوق، شق 12**
کسی شخص کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اپنی خواہشات کے تابع، کسی بھی دوسرے شخص کے تخلیے (پرائیویسی)، خاندان، گھر اور خط و کتابت میں مداخلت دے اور نہ ہی وہ اس کی عزت اور نیک نامی پر حملہ کر سکتا ہے۔

**5.2 ’نگرانی سے آزادی‘ کا حق** لوگ اس قابل ہوں کہ وہ نگرانی اور مداخلت کے خطرے کے بغیر آزادانہ طور پر انٹرنیٹ کے ذریعے تبادلہ خیالات اور پیغام رسانی کرسکیں۔

**5.3 رمزنگاری encryption کے استعمال کا حق** انٹرنیٹ کے ذریعے تبادلہ خیال اور پیغام رسانی کرنے والے لوگوں کو یقینی طور پر یہ حق حاصل ہونا چاہیے کہ وہ ایسے آلات استعمال کرسکیں جس کے ذریعے وہ اپنے پیغامات کو خفیہ encode کرسکیں، نیز اس کے ذریعے اپنی شناخت کو محفوظ بنا کر پُراعتماد طور تبادلہ خیال کرسکیں۔

## موضوع 6 انٹرنیٹ کے انتظامی امور

**6.1 انٹرنیٹ کی کثیرالفریق، جمہوری و محتاط نگرانی کا حق** انٹرنیٹ کے انتظامی امور کے لیے ایسا کثیرالفریقی اور جمہوری نظام ہونا چاہیے جس میں حکومتیں، نجی شعبہ، سول سوسائٹی اور عالمی تنظیمیں شامل ہوں۔ عالمی سطح پر انتظامی امور کے اس نظام میں کسی ایک حکومت کو برتری حاصل نہیں ہونی چاہیے۔

**6.2 شفافیت اور قابلِ رسائی فیصلہ سازی کا حق** انٹرنیٹ کے انتظامی امور اور ترقی سے متعلق فیصلہ سازی کے تمام مراحل کھلے عام ہونے چاہئیں، نیز اس عمل تک عالمی، علاقائی اور قومی سطح پر رسائی ممکن ہو۔

**6.3 عدم مرکزیت، معاون اور قابل بین الاستعمال ہونے کا حق** تکنیکی ترقی اور انٹرنیٹ کے انتظام میں استعمال ہونے والے بنیادی وسائل میں مرکزیت کا لازمی خاتمہ ہو، نیز طویل المعیاد بنیادوں پر اس بات کو یقنی بنایا جائے کہ انٹرنیٹ نیٹ ورک فعال، مستحکم، محفوظ، کفایتی اور متوازن ہے۔

***5.2 The right to freedom from surveillance*** People should be able to communicate free of the threat of surveillance and interception.

***5.3 The right to use encryption*** People communicating on the internet must have the right to use tools which encode messages to ensure secure, private and anonymous communication.

## THEME 6 GOVERNANCE OF THE INTERNET

***6.1 The right to multilateral democratic oversight of the internet*** Internet governance should be multilateral and democratic, with the full involvement of governments, the private sector, civil society and international organisations. No single government should have a pre-eminent role in relation to international internet governance.

***6.2 The right to transparency and accessibility*** All decision-making processes related to the governance and development of the internet should be open and accessible at global, regional and national levels.

***6.3 The right to a decentralised, collaborative and interoperable internet*** The technological development and core resource management of the internet must be decentralised and collaborative, and help to ensure that the network is interoperable, functional, stable, secure, efficient and scalable in the long run.

***6.4 The right to open architecture*** The internet as a 'network of networks' is made up of many interconnected networks, based on the key underlying technical idea of open architecture networking, in which any type of network anywhere can be included and made publicly available. Open architecture must be protected.

***6.5 The right to open standards*** Most of the protocols at the core of the internet are protocols based on open standards that are efficient, trusted, and open to global implementation with little or no licencing restrictions. The protocol specifications must remain available to anyone, at no cost, considerably reducing barriers to entry and enabling interoperability.

***6.6 The right to internet neutrality and the end-to-end principle*** The neutrality of the internet, chiefly concerned with the effective transportation of packets, enables its intelligence to reside largely in computers, applications, servers, mobile and other devices at the networks' ends. This has enabled the development of a wide range of new internet activities, industries and services 'at the ends,' and turns the internet into an important tool within the wider context of economic and societal development. The internet derives much of its power and reach from the value of its network effect. The more people that have access to the internet, the greater its value as a means for information exchange and communication. The end-to-end principle and net neutrality must be defended from attempts to create a two-tier internet and centralise control.

**6.4 'اوپن آرکیٹکچر' کا حق** انٹرنیٹ بطور 'network of networks' متعدد نیٹ ورکس میں باہمی رابطے قائم کرتا ہے۔ جس کی اساس تکنیکی خیالات اور نیٹ ورکنگ کی کھلی نقشہ سازی (open architecture) پر ہے۔ اس بات کا حق حاصل ہونا چاہیے کہ اس عمل میں کسی بھی قسم کے نیٹ ورک کو، کہیں سے بھی شامل کیا جا سکتا ہو، اور یہ عام لوگوں کے لیے دستیاب ہوں۔ کھلی نقشہ سازی کے اس حق کو لازماً تحفظ فراہم کیا جائے۔

**6.5 کھلے معیارات (open standards) کا حق** انٹرنیٹ کے زیادہ تر اساسی پروٹوکولز 'کھلے معیارات' کی بنیاد پر موجود ہیں، جو کفایتی، قابلِ اعتماد اور عالمی سطح پر استعمال کے لئے کھلے عام دستیاب ہیں۔ نیز جن کا استعمال اجازت نامے کی قید سے آزاد ہے یا بہت ہی کم صورت میں 'اجازت' حاصل کرنے کی شرط عائد ہوتی ہے۔ لازم ہے کہ پروٹوکولز کی یہ تصریح ہر کسی کے لیے، بلا قیمت برقرار رکھی جائے اور اس سلسلے میں حائل رکاوٹوں کو کم سے کم کیا جائے، تا کہ ہر شخص ان کو استعمال کر کے رابطے کے قابل ہو سکے۔

**6.6 "سرے سے سرے تک" اصول کی بنیاد پر انٹرنیٹ کی غیر جانبداری کا حق** انٹرنیٹ کی غیر جانبداری موثر ترسیلات، کمپیوٹر میں موجود معلومات کو طویل المدت تک محفوظ رکھنے، ایپلی کیشن، سرورز (servers)، موبائل اور ان تمام آلات سے خاص طور پر وابستہ ہے، جو نیٹ ورک کے اختتامی سرے پر نصب ہوتے ہیں۔ یہ اپنے اختتامی سرے پر انٹرنیٹ کو وسیع اقسام کی نئی سرگرمیوں کی تشکیل، صنعتی اور دیگر خدمات کی فراہمی کے قابل بناتے ہیں؛ نیز سماجی اور اقتصادی ترقی کے وسیع تر تناظر میں، انٹرنیٹ کو ایک موثر آلے میں تبدیل کر دیتے ہیں۔ انٹرنیٹ کی زیادہ تر قوت اس کے نیٹ ورک تک کی رسائی اور نتیجہ خیزی سے وابستہ ہے۔ انٹرنیٹ تک رسائی رکھنے والے زیادہ تر لوگوں کے لیے اس کی اہمیت اطلاعات کے تبادلے اور رابطے کے اہم ذریعے کے طور پر ہے۔ "سرے سے سرے تک" کے اصول پر انٹرنیٹ کی غیر جانبداری کو دُہری اور متوازی پالیسی، یا اس پر کنٹرول کے لیے مرکزیت کے کسی بھی اقدام سے بچانے کے لیے دفاع کو یقینی بنایا جائے۔

**6.7 حق برائے ’مربوط و جامع انٹرنیٹ‘** انٹرنیٹ کی اہمیت کا مرکزی تصور عالمی سطح پر استعمال ہونے والی عوامی افادیت کی شئے کے ایک حصے کی مانند ہے، جس میں، قومی سطح پر درپیش خطرات کے نام پر مندرجات کی کاٹ چھانٹ، اس کو جزوی یا کلی طور پر روکنے، علیحدہ کرنے، لاعلمی میں کی جانے والی نگرانی اور پرائیویسی میں دخل اندازی کے ذریعے اظہارِ رائے کے حقِ آزادی کو کچلنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

## موضوع 7 آگاہی، تحفظ اور اور حقوق کا شعور

**7.1 تحفظ، آگاہی اور تعلیم کا حق** لازم ہے کہ انسانی حقوق کے عالمی منشور، قوانین اور قواعد پر عملدرآمد کے ذریعے بطور انٹرنیٹ استعمال کنندگان، لوگوں کو حاصل شدہ حقوق کا تحفظ کیا جائے۔ آزادانہ طور پر انٹرنیٹ کی دستیابی سے متعلق طریقہ کار کو وضع اور حقوق کے بارے میں قومی، علاقائی اور عالمی نگران ادارے اُن طلاعات کی فراہمی، دستیابی اور تقسیم کو یقینی بنائیں، جس سے لوگوں میں ان کے اپنے حقوق سے متعلق آگاہی ہو، جو انہیں انٹرنیٹ استعمال کرتے وقت حاصل ہوں گے۔ انٹرنیٹ استعمال کرنے والوں کو ان کے حقوق سے آگاہ کرنے کے لیے عمومی تعلیم کو شامل کیا جائے، نیز انہیں اس طریقہ کار سے بھی آگاہ کیا جائے جس سے وہ اپنے حقوق کی خلاف ورزی کی صورت میں رجوع کر سکیں۔

**7.2 حقوق کی خلاف ورزی کی صورت میں رجوع کرنے کا حق** یہ لوگوں کی ضرورت ہے کہ انہیں عوامی، موثر اور آزادانہ احتساب تک رسائی حاصل ہو تا کہ حقوق کی پامالی کی صورت میں وہ اس سے رجوع کر سکیں۔ انسانی حقوق اور انٹرنیٹ استعمال کرنے کے حقوق کو، انٹرنیٹ سے وابستہ مندرجات، یا خلافِ قانون نگرانی، حقِ اظہار کی محدودیت یا دیگر حاصل شدہ حقوق کے ضمن میں خطرات درپیش ہوں تو فریقین خلاف ورزی کی صورت میں دادرسی کے لیے اس سے رجوع کر سکیں۔

***6.7 The right to the internet as an integrated whole*** This central interoperability is part of the internet's value as a global public good and should not be fragmented by threats to create national intranets, the use of content filtering, unwarranted surveillance, invasion of privacy and curbs on freedom of expression.

## THEME 7 AWARENESS, PROTECTION AND REALISATION OF RIGHTS

***7.1 The right to rights protection, awareness and education*** The rights of people as users of the internet must be protected by international human rights declarations, law and policy practice. National, regional and global governing bodies must make information about rights and procedures related to the internet freely available. This involves public education to inform people of their rights when using the internet and mechanisms to address rights violations.

***7.2 The right to recourse when rights are violated*** People need free public access to effective and accountable mechanisms for addressing violations of rights. When human and internet rights are threatened by internet-based content, or by illegitimate surveillance, limitations on freedoms of expressions, and other rights, parties should have access to recourse mechanisms for taking action against such infringements.

## ABOUT BYTESFORALL.NET

Started in June 1999, Bytes for All (B4A) is a networked space for citizens in South Asia. What started just as an experiment ended up being one of the most vibrant and oldest 'ICTs for Development' network in the region.

We're a regional network because we feel that we have many problems and challenges in common and the spirit and the tenacity of 1 billion people in this part of the World is very much the same. We experiment, highlight and organize debates on the relevance of ICTs to development activities. We believe that technology can play an important role in facilitating socio-economic and socio-political developments.

Our discussion forum, 'Bytes for All Readers Forum' has more than 1500 subscribers and 10 voluntary admin members, who literally run the network. Bytesforall growth is much more proportionate to its community needs. This means that we develop in the direction, where our readers and users want us to expand.

We are not a funded organization and do not have any formal structure (no CEO or Managing Director), yet we undertake different projects in our personal capacity, survive ourselves and then contribute resources and time back to sustain the network.

We are not here just because there is a major hype around ICTs or there may be funding opportunities. We are here because this is the place, where we should be, where we could create an impact and positive change.

www.bytesforall.net

## ABOUT APC

The Association for Progressive Communications (APC) is an international network of civil society organisations dedicated to empowering and supporting groups and individuals working for peace, human rights, development and protection of the environment, through the strategic use of information and communication technologies (ICTs), including the internet.

APC's vision is "A world in which all people have easy,equal and affordable access to the creative potential of ICTs to improve their lives and create more democratic and egalitarian societies"

www.apc.org

Translated by: Mukhtar Azad
Reviewed by: Shahzad Ahmad / Abdul Rehman Muhammad

Contact information:

Bytesforall.net
Email: shahzad@bytesforall.net
Website: http://pakistanictpolicy.bytesforall.net

www.bytesforall.org

The Association for Progressive Communications

Printing Colorline: info@colorline.com.pk